| Narration | Time |
| --- | --- |
| Setting up the Gimp پر Meet the GIMP کے ٹیوٹوریل میں خوش آمدید. | 00.21 |
| آج میں آپ کو دکھانا چاہتا ہوں کہ GIMP کو کیسے سیٹ اپ کرتے ہیں جب آپ اسے پہلی بار استعمال کر رہے ہوں. | 00.25 |
| GIMP میں تمام دیگر ونڈوز اور Macintosh پروگراموں کی طرح ایک بڑی ونڈو کے بجائے چھوٹی ونڈوز کا استعمال کیا جاتا ہے. | 00.30 |
| یہ یونیکس ورلڈ کی تاریخ ہے اور یونیکس کا استعمال کرنے والے لوگ مکمل سکرین پر پھیلی ہوئی ونڈوز اور ایک ہی وقت میں بہت سے پروگرام چلانا پسند کرتے ہیں. | 00.39 |
| اگر آپ ان مختلف ونڈوز کے ساتھ کام کرنے کے قابل نہیں ہیں، تو آپ کو GIMPshop دیکھنا چاہیۓ. | 00.49 |
| یہ ایک پروگرام ہے جس میں GIMP کا استعمال کیا جاتا ہے اور اسے فوٹو شاپ جیسا بنانے کے لئے اس پر ایک نیا یوزر انٹرفیس بناتا ہے. | 00.57 |
| میں GIMP کا استعمال کرنا چاہوں گا، کیونکہ GIMP میں بالکل نئے اور بہتر ٹولز ہیں. | 01.05 |
| یہ آج کے لئے ٹپ ہے، جو آپ کو مفید معلومات اور تجاویز پیش کرے گی. | 01.12 |
| اب، یہاں Undo آپشن کے بارے میں ایک ٹپ ہے، جس کے ذریعے آپ کچھ مرحلے پورے کر سکتے ہیں اور پھر آپ Undo کا استعمال کرتے ہوئے انہیں واپس تبدیل کر سکتے ہیں. | 01.17 |
| یہ سب سے زیادہ بار کام میں آتا ہے. | 01.26 |
| کچھ بہت الگ کرنے سے پہلے اپنے کام کو سیو کرنا بہتر ہے. | 01.28 |
| اب، دیگر ٹولز پر ایک نظر ڈالتے ہیں. | 01.33 |
| یہاں GIMP کی مین ونڈو، the Command Central ہے. | 01.36 |
| اور یہاں سب سے اوپر ٹول باکس ہے. | 01.41 |
| پھر ہمیں ٹول باکس سے ہمارے ٹولز کے مختلف آپشنس کے تحت رنگ منتخب کرنے کے لئے کلر باکس حاصل ہوتا ہے. | 01.45 |
| اسے تھوڑا اور وسیع کرتے ہیں. | 01.53 |
| یہاں ہمارے پاس Layers، Channels، Color Channels، Path and Undo History کے لئے ڈائیلاگ باکس ہیں. | 01.56 |
| اس کے نیچے Color Picker ڈائیلاگ ہے جہاں سے آپ مختلف رنگ منتخب کر سکتے ہیں. | 02.09 |

| | |
|---|---|
| یہاں Brushes, Patterns, Gradient اور اس قسم کے دیگر ڈائیلاگ ہیں. | 02.15 |
| میں ان میں سے کچھ ڈائیلاگس کو ٹول باکس میں شامل کرنا چاہتا ہوں . ایسا کرنا بہت آسان ہے. | 02.21 |
| ڈائیلاگ کے عنوان میں لفظ Layers پر کلک کریں اور اسے ٹول باکس کے نیچے، یہاں لفظ Color Picker تک کھینچ کر لائیں. | 02.28 |
| اور مجھے یہاں اس طرح ایک tabbed ڈائیلاگ حاصل ہوتا ہے. | 02.39 |
| میں اسے چینلز کے ساتھ بھی کروں گا. | 02.43 |
| میں Paths کے ساتھ یہ کروں گا. | 02.46 |
| اور میں Undo History کے ساتھ یہ کروں گا. | 02.52 |
| مجھے نہیں لگتا کہ مجھے Brushes ٹول کی ضرورت ہے کیونکہ اگر کسی ٹول میں برش ہوتا ہے تو یہ یہاں ظاہر ہوتا ہے اور میں اس کا انتخاب کر سکتا ہوں. | 02.54 |
| لیکن میں وہ رنگ رکھنا چاہتا ہوں لہذا میں اس پر کلک کرتا ہوں اور اسے Undo History کے آگے ڈریگ کرتا ہوں. | 03.09 |
| اور یہاں اس ونڈو کو بند کیا جا سکتا ہے. | 03.16 |
| میں File >> Dialogs سے تمام ڈائیلاگ باکسز تک رسائی حاصل کر سکتا ہوں. | 03.23 |
| آپ یہاں کچھ ڈائیلاگ دیکھ سکتے ہیں جو ہمارے ٹول باکس میں نہیں ہیں اور ہمیں ان میں سے ایک یعنی ٹول کی ضرورت ہے. | 03.30 |
| میرے ٹول باکس میں کچھ ایسے ٹولز شامل ہیں جنہیں میں نے کبھی استعمال نہیں کیا ہے اور میں انہیں اِن ٹولز سے بدلنا چاہتا ہوں جنہیں میں استعمال کرنا چاہتا ہوں. | 03.38 |
| ان ٹولز کے ساتھ شروعات کرتے ہیں جنہیں میں رکھنا چاہتا ہوں. | 03.48 |
| میں Curves، Levels، Threshold رکھنا چاہتا ہوں۔ Brightness & Contrast - میں ان کا انتخاب نہیں کرنا چاہتا | 03.51 |
| مجھے Perspective Clone کی ضرورت نہیں ہے اور نہ ہی مجھے Ink یا Airbrush کی ضرورت ہے. | 03.58 |
| اور مجھے باقی تمام ٹولز کی ضرورت ہے. | 04.05 |
| میں اس پر یہ دیکھنے کے بعد آوں گا کہ کتنی جگہ باقی بچتی ہے. | 04.08 |
| اب میں File اور Preferences پر جاتا ہوں. | 04.16 |

| | |
|---|---|
| میں Environment اور انٹرفیس کو بھی ویسا ہی چھوڑ دیتا ہوں. | 04.26 |
| Theme میں، میں Small منتخب کرتا ہوں. | 04.32 |
| اور جب میں اس ونڈو کو ایک طرف کھینچتا ہوں، تو آپ دیکھتے ہیں کہ تمام آئکن سکڑ گئے ہیں اور وہاں ٹولز کے بارے میں معلومات کے لئے زیادہ جگہ موجود ہے. | 04.35 |
| Tool options میں جائیں Default interpolation کو بدل کر SINC کریں، یہ رِسائز کرتے وقت یا گھماتے وقت پکسلز کا حساب کرنے کے لئے بہترین انٹرپولیشن ہے. | 04.45 |
| دیگر تمام آپشنس کو ویسا ہی چھوڑ دیں. | 05.00 |
| ٹول باکس پر واپس جائیں اور اگر آپ ان آپشنس کو رکھنا چاہتے ہیں تو انہیں منتخب کریں ورنہ غیر منتخب کریں. | 05.03 |
| آپ کے پاس رنگ ہو سکتے ہیں جو فورگراونڈ اور بیک گراؤنڈ رنگوں کو تبدیل کرنے کا ایک آسان طریقہ ہے. | 05.12 |
| آپ برش اور گریڈینٹ ٹولز حاصل کر سکتے ہیں، یہاں آپ کے پاس ایک چھوٹی امیج یا فعال امیج کی تھمب نیل حاصل ہو سکتی ہے. | 05.19 |
| مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے تو میں اسے غیر منتخب کرتا ہوں . یہ آپ کی خواہش پر منحصر ہے کہ آپ اسے رکھنا چاہتے ہیں یا نہیں. | 05.29 |
| آپ ڈیفالٹ امیج، ڈیفالٹ گرڈ اور ڈیفالٹ امیج ونڈو کو ویسا ہی چھوڑ سکتے ہیں. | 05.36 |
| میں تمام Preferences پوری کر چکا ہوں. | 05.42 |
| اور | 05.45 |
| میں نے Path کو تبدیل نہیں کیا ہے لہذا میں یہاں اس کا استعمال نہیں کر سکتا ہوں. | 05.47 |
| اب مجھے کچھ زیادہ جگہ حاصل کرنے کے لئے یہاں صرف ایک ٹول کو ہٹانا ہوتا ہے . لیکن سب سے پہلے میں اسے کچھ چوڑا کروں گا. | 05.52 |
| آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ٹول باکس ڈائیلاگ کافی تنگ ہو گیا ہے. | 06.01 |
| بس اسے یہاں کھینچ کر لائیں. | 06.06 |
| مجھے لگتا ہے کہ میں یہاں بغیر ایک نیا رو بنائے 3 اور ٹولز ڈال سکتا ہوں. | 06.08 |
| چنانچہ میں Brightness، Hue-Saturation اور Color Balance شامل کروں گا. | 06.19 |
| ان تمام ٹولز پر جو یہاں نہیں دکھائے گئے ہیں، File اور Dialogs پر کلک کر کے پہنچا جا سکتا ہے. | 06.24 |

| | |
|---|---|
| 06.39 | اوراب ہم نے اپنا کام کرنے کے لئے تیار ہیں. |
| 06.42 | جب آپ GIMP کو بند کرتے ہیں، تمام آپشنس خود بخود سیو ہو جاتے ہیں اور یہ ویسے ہی شروع ہوں گے جیسے آپ نے بند کیئے ہیں. |
| 06.52 | بہرحال، میں ڈیولپمنٹ ورژن استعمال کررہا ہوں، جو کہ GIMP 2.3.18 کا اَنسٹیبل یعنی غیر مستحکم ورژن ہے. |
| 07.02 | میں نے ابھی دیکھا کہ آج 2.3.19ورژن جاری کیا گیا. |
| 07.07 | اسے 'اَنسٹیبل ' کہا جاتا ہے لیکن GIMP ایک ایسے موڑ پر پہنچ رہا ہے جہاں 2.4 ہورائزن میں اگلا سٹیبل ورژن ہے اوراس سال یہ مارکیٹ میں کسی دوسرے سافٹ ویئر کی طرح ہی سٹیبل ہے |
| 07.22 | یہ GIMP کو سیٹ کرنے کے بارے میں تھا. |
| 07.25 | اس ٹیوٹوریل کا ترجمہ اور صدابندی مین نے یعنی وجاحت احمد نے کی ہے . شامل ہونے کے لئے شکریہ. |